| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف ’ع‘ | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ ’حرف ’ع‘ کی پہچان کرسکیں‘۔ اس کی آواز اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے دو) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی کی نظم سنائی جائے گی۔ بچوں سے حروف ’ا تا ظ‘ کا تلفظ، آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈز | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ع‘ کا درست تلفظ، آواز اور اس کا اشیاء میں حرف ’ع‘ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو حرف ’ع‘ کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا۔ اور بتایا جائے گا کہ یہ حرف ’ع‘ ہے یہ حروف تہجی کا پچیسواں حرف ہے۔ بچوں کو اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف ’ع‘ درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف ’ع‘ کے ذخیرہ الفاظ (علامہ اقبال، عینک، عمار، عورت، عطر، عبایا، عقاب) فلیش کارڈز کے ذریعے دکھائے جائیں گے۔ بچوں کو حرف ’ع‘ سے شروع ہونے والی اشیاء پی پی ٹی کے ذریعے دکھا کر ان کے نام بتائے جائیں گے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو عمارت کی ورک شیٹ دی جائے گی اور اس کے ساتھ رنگین کاغذ کے ٹکڑے کٹے ہوئے دیئے جائیں گے بچے اس کو عمارت پہ چسپاں کریں گے۔ | 20 منٹ | پی پی ٹی<br>ورک شیٹ<br>رنگین کاغذ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے ’ع‘ کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف ’ع‘ | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ ’حرف ’ع‘ کی پہچان کرسکیں‘۔اس کی آواز اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے چار) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی کی نظم سنائی جائے گی بچوں کو حروف ع کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ع‘ کا درست تلفظ،آواز اور اس کا اشیاء میں حرف ’ع‘ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو ’ع‘ کی نظم سنائی جائے گی۔<br>عذرا کی گڑیا نہانے لگی نہانے لگی ڈوب جانے لگی<br>بڑی مشکلوں سے بچایا اُسے کنارے پہ میں کھینچ لایا اُسے | 10منٹ | کتاب صفحہ نمبر 58 | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کہا جائے گا کہ کتاب کا صفحہ نمبر 58 کھولیں۔اور حرف ’ع‘ پر انگلی پھیریے۔اور حرف ’ع‘ سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام بتایئے۔ع کی بار بار دہرائی کروائے۔<br>**’ع‘ سے عینک:**<br>بچوں کو عینک کے کٹ آرٹ دیئے جائیں گے۔جن کو مختلف چیزوں جیسا کہ بٹن،موتی،ستاروں سے سجائیں گے۔ | 20منٹ | عینک کٹ آوٹ بٹن،موتی، ستارے،گالو | |
| | **اختتامیہ:**<br>حرف ’ع‘ سے شروع ہونے والی اشیاء کی تصاویر دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>’ع‘ کی اشیاء میں رنگ بھریے۔ورک شیٹ دی جائے گی۔ | 5منٹ | ورک شیٹ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف ’ع‘ | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ ’حرف ’ع‘ کی پہچان کرسکیں‘۔ اس کی آواز اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے چار) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف ’ع‘ کا تلفظ اُس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ ع کی نظم دہرائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج آپ حرف ’ع‘ کی کہانی سنیں گے۔<br>عینی کی امی کی عینک خراب ہوگی۔ وہ اپنی امی کے ساتھ دکان پر گئی۔ وہاں اُس نے ایک عورت دیکھی جس نے عبایا پہنا ہوا تھا۔ عینک کی دکان ایک بڑی عمارت میں تھی۔ اُس نے عمارت کی چھت پر ایک بہت بڑا عقاب دیکھا۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو حرف ’ع‘ کی ورک شیٹ دی جائے گی جس کو بچے ٹریس کریں گے اور انگلی کی مدد سے رنگ بھریں گے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے ہوا میں حرف ’ع‘ لکھوایا جائے گا۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br>ورک شیٹ<br>پوسٹر کلر | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ع‘ کا درست تلفظ، آواز اور اس کی اشیاء میں حرف ’ع‘ کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف ’ع‘ | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ ’حرف ’ع‘ کی پہچان کر سکیں‘۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے سات) اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف ’ع‘ کا تلفظ اُس کی بناوٹ اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ حرف ’ع‘ کی کہانی کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ اس میں ’ع‘ کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ’ع‘ سے شروع ہونے والے مزید الفاظ جانیں گے۔ بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے عقاب، عبایا اور عطر کی تصاویر دکھائی جائیں گی۔ اور بچوں کو ان الفاظ کی ابتدائی آواز بتائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>تختہ سفید/سیاہ پر مختلف تصاویر کے فلیش کارڈ چسپاں کیے جائیں گے۔ بچوں کو باری باری بلایا جائے گا اور اُن سے کہا جائے گا کہ ’ع‘ سے شروع ہونے والی تصاویر کے گرد دائرہ لگائیں۔ بچوں کو کتاب کا صفحہ نمبر 59 کھولنے کو کہا جائے گا۔ اور پوچھا جائے گا کیا ’صراحی‘ کی ابتدائی آواز ’ع‘ ہے۔ بچوں کو ’ع‘ کی تصاویر کے گرد دائرہ لگانے اور ’ع‘ کی درست بناوٹ پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>Salt Tray کی مدد سے حرف ’ع‘ کو لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br>تصاویر فلیش کارڈز<br>کتاب صفحہ نمبر 59 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ع‘ کا درست تلفظ، آواز اور اس کا اشیاء میں حرف ’ع‘ کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ع' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ع' کی پہچان کرسکیں'۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے سات) اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حرف 'ع' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ کی مدد سے دکھا کر ان کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں سے Sand Letters پر حرف 'ع' کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی پر حرف 'ع' پر پینسل پھیرنے کی مشق کروائی جائے گی۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی۔ تاکہ وہ مقررہ وقت میں کام مکمل کر سکے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے تختہ سفید/سیاہ پر حرف 'ع' کی لکھائی کروائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'ع' پر پینسل پھیریے۔ | 2 منٹ<br>5 منٹ<br>30 منٹ<br>3 منٹ | فلیش کارڈ<br>Sand Letters<br>کاپی | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ع' کا درست تلفظ، آواز اور اس کا اشیاء میں حرف 'ع' کی نشاندہی کرنے پر۔ |